## وفاقی مشیر داخلہ رحمٰن ملک کی لندن میں ایم کیو ایم کے قائد الطاف حسین سے ملاقات

## ممبئی میں ہونے والی دہشت گردی کے بعد پاکستان کو درپیش نازک صورتحال، سیاسی حالات اور باہمی دلچسپی کے مختلف امور پر تبادلہ خیال

## ملک کی موجودہ نازک صورتحال میں الطاف حسین کے مثبت کردار کو سراہتے ہیں۔رحمان ملک

## حکومت اور اپوزیشن سمیت تمام سیاسی جماعتوں کے رہنماؤں کو سیاسی اختلافات اور مفادات کو پس پشت ڈال کر ملک کو مشکلات سے نکالنے کیلئے حکومت کے ساتھ تعاون کرنا چاہیے۔الطاف حسین

لندن۔۔۔12 دسمبر 2008ء۔۔۔وفاقی مشیر داخلہ رحمٰن ملک نے جمعہ کی شام ایم کیو ایم انٹرنیشنل سیکریٹریٹ لندن میں ایم کیو ایم کے قائد جناب الطاف حسین سے ملاقات کی۔ملاقات دوگھنٹہ سے زائد وقت تک جاری رہی۔ملاقات میں ممبئی میں ہونے والی دہشت گردی کے بعد پاکستان کو درپیش نازک صورتحال، سیاسی حالات اور باہمی دلچسپی کے مختلف امور پر تبادلہ خیال کیا گیا۔دونوں رہنماؤں نے بھارت کے شہر ممبئی میں ہونے والی دہشت گردی کی شدید مذمت کی اور دہشت گردی کے واقعہ میں متعدد افراد کی ہلاکت پر افسوس کا اظہار کیا۔ملاقات پر دونوں رہنماؤں نے کہا کہ دنیا کا کوئی بھی امن پسند شہری دہشت گردی کی حمایت نہیں کرسکتا۔جہاں تک پاکستان کا تعلق ہے وہ خود دہشت گردی کا شکار ہے۔اس موقع پر وفاقی مشیر داخلہ رحمٰن ملک نے ملک کی موجودہ نازک صورتحال میں ایم کیو ایم کے قائد جناب الطاف حسین کے مثبت کردار کو سراہا اور حکومت کے ساتھ غیر مشروط تعاون پر صدر آصف علی زرداری اور وزیر اعظم یوسف رضا گیلانی کی جانب سے ان کا شکریہ ادا کیا۔اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے جناب الطاف حسین نے کہا کہ ملک جس نازک دور سے گزر رہا ہے اس میں حکومت اور اپوزیشن سمیت تمام سیاسی جماعتوں کے رہنماؤں کو سیاسی اختلافات اور مفادات کو پس پشت ڈال کر ملک کو مشکلات سے نکالنے کیلئے حکومت کے ساتھ تعاون کرنا چاہیے اور جذباتی طرز عمل کے بجائے بردباری کا مظاہرہ کرنا چاہیے۔جناب الطاف حسین نے کہا کہ اس نازک وقت میں میڈیا کو بھی مثبت کردار ادا کرنا چاہیے۔ملاقات میں ایم کیو ایم کی رابطہ کمیٹی کے ارکان طارق جاوید، سلیم شہزاد، سید طارق میر، محمد اشفاق، آصف صدیقی، مصطفٰے عزیز آبادی اور قاسم علی رضا بھی موجود تھے۔

## عیدالاضحیٰ کے موقع پر صفائی ستھرائی کے بہترین انتظامات کرنے پر سٹی ناظم کراچی مصطفٰے کمال، سٹی نائب ناظمہ محترمہ نسرین جلیل، حق پرست ٹاؤن ناظمین، یوسی ناظمین، نائب ناظمین، کونسلروں اور سٹی گورنمنٹ کے عملے کو ایم کیو ایم رابطہ کمیٹی کا زبردست خراج تحسین

## عیدالاضحیٰ کے موقع پر مؤثر اقدامات کرنے پر حیدرآباد کے ڈسٹرکٹ ناظم کنور نوید، نائب ناظم ظفر راجپوت اور حیدرآباد، لطیف آباد، میرپور خاص، سکھر اور نوابشاہ کے حق پرست تعلقہ ناظمین اور نائب ناظمین کو بھی خراج تحسین

## مؤثر اقدامات کی بدولت بڑے پیمانے پر قربانی کئے جانے کے باوجود کہیں بھی آلائشیں اور کچرے کے ڈھیر نظر نہیں آئے جس کا برملا اعتراف شہر کے عوام اور ملک کے تمام اہم ادارے بھی کررہے ہیں۔رابطہ کمیٹی

کراچی۔۔۔12 دسمبر 2008ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے عیدالاضحیٰ کے موقع پر شہر میں صفائی ستھرائی کے بہترین انتظامات کرنے پر سٹی ناظم کراچی مصطفٰے کمال، سٹی نائب ناظمہ محترمہ نسرین جلیل، حق پرست ٹاؤن ناظمین، یوسی ناظمین، نائب ناظمین، کونسلروں اور سٹی گورنمنٹ کے پورے عملے کو زبردست خراج تحسین پیش کیا ہے۔اپنے ایک بیان میں رابطہ کمیٹی نے کہا کہ ماضی میں ہر سال عیدالاضحیٰ کے موقع پر آلائشیں اور کچرے کے ڈھیر کئی دنوں تک شہر بھر کے کچرے خانوں، سڑکوں اور گلیوں میں پڑے رہتے تھے جس کے باعث شہر میں آلودگی پھیلی رہتی تھی اور شہریوں کو پریشانیوں کا سامنا کرنا پڑتا تھا لیکن شہری حکومتوں میں حق پرست قیادت کے آنے کے بعد سال بھر اور خصوصاً عیدالاضحیٰ کے موقع پر آلائشیں اٹھانے اور انہیں ٹھکانے لگانے کیلئے ہنگامی بنیادوں پر جو مؤثر اور بہترین اقدامات کئے جارہے ہیں اور گزشتہ سال کی طرح اس سال بھی صفائی ستھرائی کے جو مؤثر اقدامات کئے گئے اس کی بدولت بڑے پیمانے پر قربانی کئے جانے کے باوجود کہیں بھی آلائشیں اور کچرے کے ڈھیر نظر نہیں آئے اور انہیں فوری طور پر اٹھا کر ٹھکانے لگادیا گیا جس کا برملا اعتراف شہر کے عوام ہی نہیں بلکہ ملک کے تمام اہم ادارے بھی کررہے ہیں۔رابطہ کمیٹی نے کہا کہ ہم عیدالاضحیٰ کے موقع پر شہر میں صفائی ستھرائی کے بہترین انتظامات کرنے پر سٹی ناظم کراچی مصطفٰے کمال، سٹی نائب ناظمہ محترمہ نسرین جلیل، حق پرست ٹاؤن ناظمین، یوسی ناظمین، نائب ناظمین، کونسلروں اور سٹی گورنمنٹ کے پورے عملے کو زبردست خراج تحسین پیش کرتے ہیں۔رابطہ کمیٹی نے عیدالاضحیٰ کے موقع پر مؤثر اقدامات کرنے پر حیدرآباد کے ڈسٹرکٹ ناظم کنور نوید، ڈسٹرکٹ نائب ناظم ظفر راجپوت اور حیدرآباد، لطیف آباد، میرپور خاص، سکھر اور نوابشاہ کے حق پرست تعلقہ ناظمین اور نائب ناظمین کو بھی خراج تحسین پیش کیا۔

## ایم کیوایم ملک کی واحد جماعت ہے جوسیاست برائے خدمت پرعمل کرتی ہے

## شیخ لیاقت کا کے کے ایف کا دورہ ایم کیوایم اور کے کے ایف کے رضا کاروں سے ملاقات

کراچی ۔۔۔12دسمبر 2008ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنوینر شیخ لیاقت حسین نے صدر دفتر خدمت خلق فاؤنڈیشن واقع فیڈرل بی ایریا کا دورہ کیا اور کھالیں جمع کرنے کے طریقہ کا جائزہ لیا۔انہوں نے کیمپ پر موجود ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ارکان ،حق پرست ارکان اسمبلی ،ایم کیوایم کے ذمہ داران وکارکنان اور کے کے ایف کے رضا کاروں سے ملاقات کی اورانہیں عید کی مبارکباد پیش کی ۔شیخ لیاقت حسین نے چرم قربانی کے سلسلے میں کھالیں جمع کرنے والے ایم کیوایم اور کے کے ایف کے رضا کاروں کے جذبہ کوسراہااورانہیں زبردست خراج تحسین پیش کیا۔اس موقع پرانہوں نے کہا کہ ایم کیوایم ملک کی واحد جماعت ہے جوسیاست برائے خدمت پرعمل کرتی ہےاور یہی وجہ ہے کہ اس فلاحی ادارے خدمت خلق فاؤنڈیشن کوعوام کی جانب سے بڑی تعداد میں قربانی کی کھالیں دی گئی ہیں ۔اس موقع پرانہوں نے جناب الطاف حسین کی صحت وتندرستی کے لئے دعا بھی کی ۔

☆☆☆☆☆